## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

**Subject:-** **REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON THE ESTABLISHMENT OF TELECOMMUNICATION APPELLATE TRIBUNAL ACT, 2024**

I, Chairman of the Standing Committee on Information Technology & Telecommunications, have the honor to present this report on the Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 (XVII of 1996) and the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 (XL of 2016) [The Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Bill, 2024] (Ordinance. No. VIII of 2023) referred to the Committee on 15th March, 2024.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| **(1)** | **Syed Amin Ul Haq** | **Chairman** |
| (2) | Mr. Mukhtar Ahmad Malik | Member |
| (3) | Mr. Ahmad Atteeq Anwar | Member |
| (4) | Mr. Ammar Ahmad Khan Leghari | Member |
| (5) | Syed Ali Qasim Gillani | Member |
| (6) | Dr. Mahesh Kumar Malani | Member |
| (7) | Mr. Sadiq Ali Memon | Member |
| (8) | Ms. Sharmila Sahiba Faruqui Hashaam | Member |
| (9) | Syed Mustafa Kamal | Member |
| (10) | Mr. Pullain | Member |
| (11) | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| (12) | Mr. Omer Ayub Khan | Member |
| (13) | Mr. Sher Ali Arbab | Member |
| (14) | Mr. Awais Haider Jakhar | Member |
| (15) | Mr. Umair Khan Niazi | Member |
| (16) | Rai Haider Ali Khan | Member |
| (17) | Minister In-Charge<br>*Information Technology & Telecommunication* | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annexure-A, in its meetings held on 23rd and 24th July, 2024. The Committee recommended that the Bill as introduced may be passed by the National Assembly.

-Sd/-

(TAHIR HUSSAIN)
Secretary General
Islamabad, the 1st August, 2024

-Sd/-

(SYED AMIN UL HAQ)
Chairman

**ANNEXURE-A**

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**

**Bill**

*further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 and the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016.*

**WHEREAS** it is expedient to establish a Telecommunication Appellate Tribunal and further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 (XVII of 1996) and the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 (XL of 2016) in the manner and for the purpose hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, extent and commencement. --- (1)** This Act shall be called the Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act XVII of 1996.**—In the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 (XVII of 1996), hereinafter referred to as the said Act, in section 2, after clause (v), the following new clause shall be inserted, namely:--

**"(va)** **"Tribunal"** means the Telecommunication Appellate Tribunal established under section 7A.".

3. **Amendment of section 7, Act XVII of 1996.**— In the said Act, in section 7,-

**(a)** for the marginal heading and sub-section (1), the following shall be substituted, namely:--

**"7. Appeals**.- (1) A person aggrieved by any decision or order of the Authority, on the ground that it is contrary to the provisions of this Act, may, within thirty days of the receipt of such decision or order, prefer an appeal to the Tribunal and the Tribunal shall decide such appeal within ninety days."; and

**(b)** after sub-section (2), the following new sub-section (3), shall be added, namely:-

"(3) No suit or other legal proceedings shall be brought in any civil court or court exercising power of the civil court against any order, decision, notice issued by the Authority under this Act or in respect of any matter which falls within the jurisdiction of the Tribunal and to determine and to adjudicate. Any civil court or court exercising power of civil court shall not grant injunction in respect of any action taken or intended to be taken by the Tribunal in pursuance of its jurisdiction.".

4. **Insertion of section 7A and 7B, Act XVII of 1996.**— In the said Act, section 7, amended as aforesaid, the following new sections shall be inserted, namely:--

"**7A. Establishment of the Tribunal.-** (1) The Federal Government shall, by notification in the official Gazette, establish Tribunal for the purpose of exercising jurisdiction under this Act and the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 (XL of 2016), [and] the Tribunal shall consist of following three members:-

(a) No person shall be appointed as a chairperson of the Appellate Tribunal unless he

(i) has been a Judge of a High Court; or

(ii) is or has been an advocate having for a period of not less than fifteen years' active practice of conducting cases before a High Court.

(b) one member with masters level professional degree in electrical, electronics, telecommunications, information and communication technology or information security or other related subjects with at least ten years of relevant experience including at least five years experience at senior management level in the public or private sector; and

(c) one member with master's level professional degree in finance, commerce, economics, charted accountancy or other related subject with at least ten years of relevant experience including at least five years experience at senior management level in the public or private sector.

(2) The Federal Government may increase or decrease the number of members of the Tribunal and prescribe their qualification and mode of appointment of the new members.

(3) The Tribunal shall be assisted by such officers and other staff members as may be appointed by the division to which business of the Tribunal stands allocated and their terms and conditions of service shall be regulated in accordance with the Civil Servant Act, 1973 (LXXI of 1973) and rules made there under.

(4) The Tribunal shall, for the purposes of hearing and deciding appeal under this Act and the Prevention of Electronic Crime Act, 2016 (XL of 2016), have the same powers as are vested in a civil court trying a suit under the Code of Civil Procedure, 1908 (Act V of 1908), in respect of –

(a) summoning and enforcing the attendance of any person and examining him on oath;

(b) requiring the discovery and production of documents and material objects;

(c) receiving evidence on affidavits; and

(d) issuing commissions for examination of witnesses and documents.

(5) The Chairperson and members of the Tribunal shall be appointed by the Federal Government in the prescribed manner.

(6) The Chairperson and members shall hold office for a period of four years and shall be eligible for re-appointment for a similar term or terms and shall cease to hold office on attaining the age of sixty-eight years or on the expiry of the term, unless renewed, whichever is earlier.

(7) A person shall not be appointed as Chairperson or a member, or remain as Chairperson or such member, of the Tribunal unless he –

(a) is a citizen of Pakistan;
(b) is not of the age exceeding sixty-four years on the date of his appointment;
(c) has not been declared by a competent court of law as un-discharged insolvent or his petition for the same is not pending adjudication;
(d) has not been declared by a competent court of law of unsound mind or insane;
(e) has not been convicted by a competent court of law for an offence, involving moral turpitude, fraud, dishonesty or corruption;
(f) is not incapable of discharging his duties by reasons or physical or mental unfitness and has not been so declared by a duly constituted medical board; and
(g) is not, or while appointed as member does not become, an officer or a director of a company.

(8) The Chairperson and members shall disclose the conflict of interest, direct or indirect, at or within the time provided for such disclosure under this Act and the Prevention of Electronic Crime Act, 2016 (XL of 2016).

(9) Where a retired Judge of a High Court is appointed as chairperson, be shall be entitled to the salary, perks and privileges as were last drawn by him as such Judge.

(10) Where an advocate is appointed as chairperson, he shall be entitled to the salary, perks and privileges as are admissible to a person appointed in MP-I scale of the Federal Government.

(11) The members shall be entitled to the salary, perks and privileges as are admissible to a person appointed in MP-I scale of the Federal Government.

(12) The chairperson or a member may be writing under his hand addressed to the Federal Government with a notice of not less than thirty days resign from his office and shall continue to perform his duties till acceptance of his resignation.

(13) The Federal Government for the purpose of practice and procedure of the Tribunal may, from time to time, by notification in the official Gazette, prescribe rules.

(14) Until such rules are prescribed under sub-section (13), the Tribunal may adopt the procedure laid down by the Islamabad High Court for filing an adjudication upon first appeal.

(15) Subject to the provisions of this Act, the jurisdiction of the Tribunal may be exercised by the bench, or the benches thereof. The Chairperson may constitute or re-constitute a bench or benches accordingly.

(16) The decision of the Tribunal shall be taken with concurrence or by the majority of its members, as the case may be:

Provided that in case of difference in opinion as to the decision to be given on any point the matter shall be referred to the Chairperson for the constitution of full bench.

(17) All appeals in respect of any matter under jurisdiction of the Tribunal but pending before any High Court immediately before commencement of the Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Ordinance, 2023 (VIII of 2023) shall stand transferred to the Tribunal on said commencement. Where any appeal stands transferred from any High Court to the Tribunal, the High Court shall within a period of one month of the said commencement, transfer record of such appeal to the Tribunal.

(18) The Chairperson and members of the Tribunal shall be public servants within the meaning of section 21 of the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XV of 1860)

**7B. Appeal to Supreme Court.-** Any person aggrieved by an order of the Tribunal may within sixty days thereof prefer an appeal to the Supreme Court.".

**5. Amendment of section 22, Act (XVII of 1996).—**In the said Act, in section 22, in sub-section (2), for the expression "High Court or a Tribunal established by the Federal Government for the purpose and the High Court or, as the case may be, the Tribunal shall exercise exclusive jurisdiction to adjudication and settle all matters connected therewith and in exercise of such jurisdiction the High Court or the Tribunal as the case may be", the expression "Tribunal which shall exercise jurisdiction to adjudicate and settle all matters connected therewith and in exercise of such jurisdiction, the Tribunal" shall be substituted.

**6. Amendment of section 2, Act XL of 2016.—** In the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 (XL of 2016), hereinafter referred to as the said Act, in section 2, after clause (xxx), the following new clause shall be inserted, namely:--

**"(xxxa)** **"Tribunal"** means the Telecommunication Appellate Tribunal established under section 7A of the Pakistan Telecommunication (re-organization) Act, 1996 (XVII of 1996) as amended through the Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Act, 2024 (      of 2024).".

**7. Amendment of section 37, Act XL of 2016.—** In the said Act, in section 37, in sub-section (5), for the expression "High Court" the expression "Tribunal" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Pakistan Telecommunication Authority was established under Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996. In 2006, while amending section 7(1) of the Telecom Act, the provision of a tribunal established by the Federal Government was inserted. In addition, pursuant to section 37 of the prevention of Electronic Crimes Act, 2016, appeals are filed before the High Courts. Since both the above referred statutes are purely technical and intricate in nature and their decisions are based upon the technical issues, thus there is a requirement to establish a Telecommunication Appellate Tribunal having technical experts to decide all appeals, filed by the aggrieved persons, in a holistic and speedy manner. The Tribunal shall entertain appeals arising out of the decisions passed by the Pakistan Telecommunication authority in exercise of its powers under the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 and prevention of Electronic Crimes Act, 2016. The establishment of this Tribunal shall help to lessen the burden of the High Courts with regard to adjudication of technical matters.

**Minister-in-Charge**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹریبونل کے قیام کا ایکٹ، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات ۱۵ مارچ، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء (نمبر ۱۷ بابت ۱۹۹۶ء) اور الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء (نمبر ۴۰ بابت ۲۰۱۶ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹریبونل کے قیام کا بل، ۲۰۲۴ء] (آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۲۳ء) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **سید امین الحق** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب مختار احمد ملک | رکن |
| ۳۔ | جناب احمد عتیق انور | رکن |
| ۴۔ | جناب عمار احمد خان لغاری | رکن |
| ۵۔ | سید علی قاسم گیلانی | رکن |
| ۶۔ | ڈاکٹر مہیش کمار ملانی | رکن |
| ۷۔ | جناب صادق علی میمن | رکن |
| ۸۔ | محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام | رکن |
| ۹۔ | سید مصطفیٰ کمال | رکن |
| ۱۰۔ | جناب پُلین | رکن |
| ۱۱۔ | جناب گوہر علی خان | رکن |
| ۱۲۔ | جناب عمر ایوب خان | رکن |
| ۱۳۔ | جناب شیر علی ارباب | رکن |
| ۱۴۔ | جناب اویس حیدر جکھڑ | رکن |
| ۱۵۔ | جناب عمیر خان نیازی | رکن |
| ۱۶۔ | رائے حیدر علی خان | رکن |
| ۱۷۔ | وزیر انچارج انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۳/اور ۲۴، جولائی، ۲۰۲۴ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ "الف" کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل منظور کرے۔

دستخط۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری جنرل
اسلام آباد، یکم اگست، ۲۰۲۴ء

دستخط۔
**(سید امین الحق)**
چیئرمین

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں]

## پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء اور الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں ٹیلی کمیونیکیشن اپلیٹ ٹربیونل کا قیام عمل میں لایا جائے اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء (۱۷ بابت ۱۹۹۶ء) اور الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء (۴۰ بابت ۲۰۱۶ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:** (۱) یہ ایکٹ ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربیونل کے قیام کا ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۱۷ بابت ۱۹۹۶ء، دفعہ ۲ کی ترمیم:** پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء (نمبر ۱۷ بابت ۱۹۹۶ء)، بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲ میں، شق (۵) کے بعد، حسب ذیل نئی شق شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

''(۵/الف) ''ٹربیونل'' سے دفعہ ۷۔الف کے تحت قائم کردہ ٹیلی کمیونیکیشن اپلیٹ ٹربیونل مراد ہے۔''۔

۳۔ **ایکٹ ۱۷ بابت ۱۹۹۶ء کی، دفعہ ۷ کی ترمیم:**۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ میں،

(الف) حاشیائی عنوان اور ذیلی دفعہ (۱) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''۷۔ **اپیلیں:**۔ (۱) اتھارٹی کے فیصلے یا حکم سے متاثرہ شخص، اس وجہ سے کہ یہ ایکٹ کے احکامات سے متناقض ہے، مذکورہ فیصلے یا حکم کی وصولی کے تیس ایام کے اندر، ٹربیونل میں اپیل دائر کر سکتا ہے اور ٹربیونل مذکورہ اپیل پر نوے ایام کے اندر فیصلہ کرے گا''؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ ۲ کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ (۳) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۳) کوئی بھی مقدمہ یا قانونی کارروائی کسی بھی دیوانی عدالت یا عدالت جو دیوانی عدالت کا اختیار استعمال کر رہی ہو اس ایکٹ کے تحت اتھارٹی کی جانب سے کیے گئے کسی بھی حکم، فیصلہ، جاری کردہ نوٹس کے خلاف یا کسی بھی معاملے کی نسبت جس کا تعین اور قانونی فیصلہ کرنا ٹربیونل کے اختیار سماعت کے اندر ہو، کے خلاف کوئی مقدمہ یا دیگر قانونی کارروائی کسی بھی دیوانی عدالت یا عدالت جو دیوانی عدالت کا اختیار استعمال کر رہی ہو، میں نہیں لا سکتی۔ اپنے اختیار سماعت کی پیروی میں ٹربیونل کی جانب سے کی گئی کسی بھی کارروائی یا جس کے کرنے کا ارادہ ہو پر کوئی بھی عدالت دیوانی یا عدالت جو دیوانی عدالت کے اختیار استعمال کر رہی ہو کوئی بھی حکم امتناعی نہیں دے سکتی۔"۔

۴۔ **ایکٹ ۷ بابت ۱۹۹۶ء کی، دفعہ ۷۔الف اور ۷۔ب کی شمولیت:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ کے بعد، جیسا کہ مذکورہ بالا طور پر ترمیم کی گئی ہے، حسب ذیل نئی دفعات کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۷۔الف۔ **ٹربیونل کا قیام:** (۱) وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے، اس ایکٹ اور الیکٹرانک جرائم کی روک تھام کے ایکٹ، ۲۰۱۶ء (۴۰ بابت ۲۰۱۶ء) کے تحت اختیار سماعت کے استعمال کی غرض سے، ٹربیونل قائم کر سکتی ہے۔ [اور] ٹربیونل حسب ذیل تین ارکان پر مشتمل ہو گا:

(الف) کسی بھی شخص کا بطور چیئرپرسن اپلیٹ ٹربیونل تقرر نہ ہو گا تاوقتیکہ وہ۔۔

(اول) عدالت عالیہ کا جج نہ رہ چکا ہو؛ یا

(دوم) عدالت عالیہ کے روبرو بطور وکیل کم از کم پندرہ سال مقدمات کی عملی پریکٹس کا تجربہ نہ ہو نہ رکھتا ہو؛ یا

(ب) ایک رکن جو الیکٹریکل، الیکٹرانکس، ٹیلی کمیونیکیشن، انفارمیشن و کمیونیکیشن ٹیکنالوجی یا انفارمیشن سیکورٹی میں ماسٹر سطح کی پیشہ ورانہ ڈگری نہ رکھتا ہو یا دیگر متعلقہ مضامین میں کم از کم دس سالہ متعلقہ تجربہ نہ رکھتا ہو جس میں کسی سرکاری و غیر سرکاری سیکٹر میں اعلیٰ انتظامی سطح کا کم از کم پانچ سالہ تجربہ شامل ہے؛ اور

(ج) ایک رکن جو مالیات، تجارت، معاشیات، چارٹرڈ اکاونٹنسی میں ماسٹر کی سطح کی پیشہ ورانہ ڈگری نہ ہو یا دیگر متعلقہ مضامین میں جو کم از کم دس سالہ متعلقہ تجربہ نہ رکھتا ہو جس میں کم از کم کسی سرکاری و غیر سرکاری سیکٹر میں اعلیٰ انتظامی سطح کا کم از کم پانچ سالہ تجربہ شامل ہے۔

(۲) وفاقی حکومت ٹربیونل کے ارکان کی تعداد کو بڑھا سکتی ہے یا کم کر سکتی ہے اور ان کی قابلیت اور نئے ارکان کے تقرر کے طریقہ کار کی صراحت کر سکتی ہے۔

(۳) ٹربیونل کی معاونت ایسے افسران اور دیگر عملہ کے ارکان سے کی جائے گی جیسا کہ متعلقہ ڈویژن جسے ٹربیونل کے اُمور سونپے گئے ہیں تقرر کر سکتا ہے اور ان کے ملازمت کی قیود و شرائط سول ملازمین ایکٹ ۱۹۷۳ء (۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کی مطابقت میں منضبط کی جائیں گی۔

(۴) ٹربیونل، اس ایکٹ اور الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء (۴۰ بابت ۲۰۱۶ء) کے تحت اپیلوں پر شنوائی اور فیصلہ جات کی اغراض کے لیے، اسے وہی اختیارات حاصل ہوں گے جو کہ عدالت دیوانی کو تفویض کیے گئے ہیں جب وہ مجموعہ ضابطہ دیوانی، ۱۹۰۸ء (ایکٹ ۵ بابت، ۱۹۰۸ء) کے تحت حسب ذیل کی نسبت مقدمے کی سماعت کرتی ہے۔

(الف) کسی بھی شخص کی طلبی اور حاضری کو لازمی بنانا اور حلف پر اسے جرح کرنا؛

(ب) دستاویزات اور اہم اشیاء کی بازیابی اور پیش کرنے کا تقاضا کرنا؛

(ج) حلف ناموں پر شہادت موصول کرنا؛ اور

(د) گواہان اور دستاویزات کی جانچ کے لیے کمیشنز کا اجرا کرنا۔

(۵) ٹربیونل کے چیئرپرسن اور گواہان کا تقرر وفاقی حکومت کی جانب سے صراحت کردہ طریقہ کار پر کیا جائے گا۔

(۶) چیئرپرسن اور ارکان چار سالہ مدت کے لیے عہدہ پر فائز رہیں گے اور ایسی ہی مدت یا مدتوں کے لیے دوبارہ تقرر کے اہل ہوں گے اور اڑسٹھ سال کی عمر یا اپنے عہدہ کی مدت کی انقضاء پر عہدہ سے فارغ ہو جائیں گے تاوقتیکہ تجدید ہو جائے، جو بھی پہلے ہو۔

(۷) ایک شخص کا ٹربیونل کے چیئرپرسن یا رکن کے طور پر تقرر نہ ہو گا یا بطور چیئرپرسن یا مذکورہ رکن نہ رہ پائے گا تاوقتیکہ وہ۔۔

(الف) پاکستان کا شہری نہ ہو؛

(ب) ایسے تقرر کے وقت چونسٹھ سال سے زائد عمر کا نہ ہو؛

(ج) مجاز عدالت قانون کی جانب سے غیر مصدقہ دیوالیہ قرار نہ دیا گیا ہو یا اس کام کے لیے اس کی درخواست زیر انفصال نہ ہو؛

(د) مجاز عدالت قانون کی جانب سے فاتر العقل یا مجنون قرار نہ دیا گیا ہو؛

(ہ) اخلاقی پستی، دھوکہ دہی، بد دیانتی یا بدعنوانی میں ملوث جرم کے لیے مجاز عدالت قانون کی جانب سے سزا یافتہ نہ رہ چکا ہو؛

(و) جسمانی یا ذہنی معذوری کے سبب اپنے فرائض کی ادائیگی کے قابل نہ ہو اور باضابطہ طور پر تشکیل کردہ طبّی بورڈ کی جانب سے اس طرح قرار نہ دیا گیا ہو؛ اور

(ز) ایک کمپنی کا ڈائریکٹر یا افسر نہ ہو یا نہ بنے جب بطور رکن تقرر کیا جا رہا ہو۔

(۸) چیئرپرسن اور ارکان، بالواسطہ یا بلاواسطہ، اس وقت پر یا اس مدت کے اندر جو اس ایکٹ اور الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء (۴۰ بابت ۲۰۱۶ء) کے تحت مذکورہ انکشاف کے لیے فراہم کیا گیا تھا مفاد کے تصادم کا انکشاف کریں گے۔

(۹) جہاں عدالت عالیہ کے ریٹائرڈ جج کا بطور چیئرپرسن تقرر کیا گیا ہو، تو وہ تنخواہ، سہولیات اور استحقاقات جو بطور جج آخری مرتبہ اس نے حاصل کئے کا حقدار ہوگا۔

(۱۰) جہاں ایک وکیل کا بطور چیئرپرسن تقرر کیا گیا ہو، تو وہ اس تنخواہ، مراعات اور استحقاقات کا حقدار ہوگا، جو وفاقی حکومت میں ایم پی۔اسکیل میں تقرر ہونے والے شخص کے لئے قابل قبول ہیں۔

(۱۱) ارکان اس تنخواہ، مراعات اور استحقاقات کے حقدار ہوں گے جو وفاقی حکومت کے ایم پی۔اسکیل میں تقرر ہونے والے شخص کے لئے قابل قبول ہیں۔

(۱۲) چیئرپرسن یا رکن وفاقی حکومت کے نام اپنی تحریر کے ذریعے کم از کم تیس دن کا نوٹس دیتے ہوئے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے سکتا ہے اور استعفیٰ کی منظوری تک بدستور اپنے فرائض ادا کرتا رہے گا۔

(۱۳) وفاقی حکومت، ٹربیونل کے عمل اور طریقہ کار کی غرض کے لیے، وقتاً فوقتاً، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے قواعد تجویز کر سکتی ہے۔

(۱۴) ذیلی دفعہ (۱۳) کے تحت جب تک مذکورہ قواعد مقرر نہ کئے جائیں، ٹربیونل ایسا طریقہ کار اختیار کر سکتا ہے جو کہ عدالت عالیہ اسلام آباد نے پہلی اپیل دائر ہونے پر فیصلہ دینے کے لئے بیان کیا ہے۔

(۱۵) اس ایکٹ کے احکامات کے تابع ٹربیونل کے اختیار سماعت کا استعمال بینچ یا اس کے بینچوں کی جانب سے کیا جائے گا۔ چیئرپرسن بینچ یا بینچوں کی بحسبہ تشکیل یا تشکیل نو کر سکتا ہے۔

(۱۶) ٹربیونل کا فیصلہ اتفاق رائے یا ارکان کی اکثریت سے کیا جائے گا، جیسی بھی صورت ہو:

مگر شرط یہ ہے کہ کسی نکتہ پر فیصلے کے لیے اختلاف رائے کی صورت میں، معاملہ چیئرپرسن کو فل بینچ بنانے کے لیے بھیجا جائے گا۔

(۱۷) ٹیلی کمیونیکیشن اپلیٹ ٹربیونل کے قیام کا آرڈیننس، ۲۰۲۳ء (نمبر ۸ مجریہ ۲۰۲۳ء) کے آغاز نفاذ سے فوری قبل ٹربیونل کے اختیار سماعت کے تحت کسی معاملے میں تمام دائر کردہ اپیلیں جو کسی بھی عدالت عالیہ کے روبرو زیر التواء ہیں مذکورہ آغاز نفاذ پر ٹربیونل کو منتقل شدہ متصور کی جائیں گی۔ جہاں کوئی بھی اپیل کسی بھی عدالت عالیہ سے ٹربیونل کو منتقل شدہ متصور ہوں، تو عدالت عالیہ مذکورہ آغاز نفاذ کے ایک ماہ کی مدت کے اندر، مذکورہ اپیل کا ریکارڈ ٹربیونل کو منتقل کرے گا۔

(۱۸) ٹربیونل کا چیئرپرسن اور ارکان مجموعہ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء (ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) کی دفعہ ۲۱ کے مفہوم میں پبلک سرونٹس ہوں گے۔

۷ب۔ **عدالت عظمیٰ میں اپیل:** کوئی بھی شخص جو ٹربیونل کے فیصلے سے متاثرہ ہو اس کے ساٹھ ایام کے اندر عدالت عظمیٰ میں اپیل دائر کر سکتا ہے۔''۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۱۷ بابت ۱۹۹۶ء، دفعہ ۲۲ کی ترمیم:**۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۲ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، عبارت ''عدالت عالیہ یا اس غرض کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے قائم کردہ ٹربیونل اور عدالت عالیہ یا جیسی بھی صورت ہو، ٹربیونل اس سے منسلکہ تمام معاملات کا تصفیہ کرنے اور اس غرض سے اختیار سماعت کا استعمال کرنے کے لیے جیسی بھی صورت ہو''، کو عبارت ''ٹربیونل اس سے منسلکہ تمام معاملات کا تصفیہ کرنے اور اس غرض کے لیے اختیار سماعت کا استعمال کرے گا، اور مذکورہ اختیار سماعت کو استعمال کرتے ہوئے، ٹربیونل'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۶۔ **ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۲۰۱۶ء، دفعہ ۲ کی ترمیم:**۔ الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء (نمبر ۴۰ بابت ۲۰۱۶ء) بعد ازاں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲ میں، شق (۳۰) کے بعد، حسب ذیل نئی شق شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"(۳۰الف) ٹربیونل سے ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربیونل کے قیام کے ایکٹ، ۲۰۲۴ء(نمبر بابت ۲۰۲۴ء) کے ذریعے ترمیم شدہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو)ایکٹ، ۱۹۹۶ء (نمبر ۱۷ بابت ۱۹۹۶ء) کی دفعہ ۷۔الف کے تحت قائم کردہ ٹیلی کمیونیکیشن اپلیٹ ٹربیونل مراد ہے۔"۔

۷۔ **ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۲۰۱۶ء، دفعہ ۷ ۳ کی ترمیم:**۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ ۳ میں، ذیلی دفعہ (۵) میں، عبارت "عدالت عالیہ" کو عبارت "ٹربیونل" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض ووجوہ

پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کا قیام پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو)ایکٹ، ۱۹۹۶ء کے تحت عمل میں لایا گیا تھا۔ سال ۲۰۰۶ء میں ٹیلی کام ایکٹ کی دفعہ ۷(۱) میں ترمیم کرکے وفاقی حکومت نے ٹربیونل کی تصریح شامل کی تھی۔ مزید برآں امتناع الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ء کی دفعہ ۷ ۳ کی تعمیل میں عدالت ہائے عالیہ میں اپیلیں دائر کی گئی ہیں۔ چونکہ بالا محولہ قوانین موضوعہ دونوں نوعیت کے اعتبار سے خالصتاً تکنیکی اور پیچیدہ ہیں اور ان کے فیصلے تکنیکی معاملات پر مبنی ہوتے ہیں، لہٰذا، ٹیلی کمیونیکیشن اپلیٹ ٹربیونل کا قیام ضروری ہے جس میں تکنیکی ماہرین ہوں جو مربوط اور تیز رفتار طریقے سے متاثرہ افراد کی جانب سے دائر کردہ تمام اپیلوں پر فیصلہ سنا سکیں۔ یہ ٹربیونل پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کی جانب سے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو)ایکٹ، ۱۹۹۶ء اور امتناع الیکٹرانک جرائم ایکٹ، ۲۰۱۶ء کے تحت اپنے اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے دیئے گئے فیصلوں کے نتیجے میں دائر کردہ اپیلوں پر غور کرے گا۔ ٹربیونل ہذا کا قیام تکنیکی معاملات پر فیصلہ کے حوالے سے عدالت ہائے عالیہ کے بوجھ کو کم کرنے میں مددومعاون ثابت ہوگا۔

دستخط/۔

انچارج